Federal Foreign Office

موبائل ویڈیو رپورٹ کے لیے اسٹوری پروپوزل

یہ فارم درخواست دہندہ کو خود پر کرنا ہے۔

پراجیکٹ نمبر AAS21-AA31

موضوع ماحولیاتی صحافت: انڈو پیسیفک خطے کے بڑے دریا، زندگی اور تنازعات دونوں کا منبع

ٹیم ممبرز کے نام

....

....

ڈی ڈبلیو اکیڈمی پاکستان کے ایسے بلاگرز اور صحافیوں سے اسٹوری پروپوزل چاہتی ہے، جو کلائمیٹ اور ماحولیاتی موضوعات سے وابستہ ہوں اور بالخصوص ان کا تعلق دریاؤں یا پانی سے ہو۔ ان پروپوزلز میں اس بات پر زور دیا جانا چاہیے کہ ماحولیاتی تبدیلیوں سے مقامی آبادیوں پر کیا اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ ہم ایسی اسٹوری پروپوزلز کی حوصلہ افزائی کریں گے، جن میں ان تبدیلوں کے خواتین اور ایسے کم زور طبقات پر اثرات بیان کیے جائیں، جو ان تبدیلیوں کی وجہ سے زیادہ غیرمحفوظ تصور کیے جاتے ہیں۔

ڈی ڈبلیو اکیڈمی ایسے پروپوزلز کو سراہے گی، جن میں ماحولیاتی تبدلیوں سے مطابقت اور ان سے نمٹنے کے لیے تجاویز بھی پیش کی جائیں گی۔ ڈی ڈبلیو اکیڈمی ایسی اسٹوریز کی بھی حوصلہ افزائی کرے گی، جن میں ان مسائل کے حل کی خاطر علاقائی تعاون پر زور دیا جائے۔

جب آپ اسٹوری پروپوزل تیار کر رہے ہوں تو ان امور کا خیال رکھیں۔

مطابقت: آپ کی کہانی کس ماحولیاتی مسئلے کو اجاگر کر رہی ہے؟ یہ اہم کیوں ہے اور اس سے کون سا طبقہ متاثر ہو رہا ہے؟

مقامی ریفرنس: آپ کی اسٹوری ماحولیاتی تبدیلی کے اس مخصوص مسئلے کو کس طرح بیان کرے گی اور مقامی لوگوں کا اس موضوع کی طرف ممکنہ ردعمل کیا ہو گا؟

زاویہ: اگر آپ کا تجویز کردہ موضوع مقامی میڈیا میں رپورٹ ہو چکا ہے، تو آپ اس موضوع کو کس طرح ایک نئے انداز میں بیان کریں گے؟

ممکنہ نتائج: کیا آپ کی اسٹوری کا بیانیہ منطقی ہے؟ کیا آپ تحقیقی انداز اختیار کر رہے ہیں، جس کے باعث ناظرین کے لیے آپ کی اسٹوری زیادہ پراثر ہو سکے گی؟ کیا آپ کی اسٹوری کی وجہ سے عوامی سطح پر ایک بحث شروع ہونے کا امکان ہے؟

منصوبہ بندی: کیا آپ اپنا تجویز کردہ موضوع مطلوبہ وقت اور وسائل میں مکمل کر لیں گے؟

اختراعی انداز: اسٹوری بیان کرنے میں اختراعی انداز کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

آپ اپنا اسٹوری پروپوزل اردو یا انگریزی زبان میں بیان کر سکتے ہیں۔ تاہم یہ ویڈیو رپورٹ اردو زبان میں تیار کی جائے گی۔ اگر آپ کو منتخب کر لیا جاتا ہے تو آپ اسی موضوع پر موبائل رپورٹ بنائیں گے، جو آپ نے اس پروپوزل میں تجویز کیا ہے۔ تاہم اس کے لیے آپ کو تربیت فراہم کی جائے گی۔

بہ راہِ مہربانی یاد رکھیے کہ اس موبائل ویڈیو رپورٹ کی تیاری کے لیے ڈی ڈبلیو اکیڈمی کسی قسم کے آلات فراہم نہیں کرے گی بلکہ آپ اپنے وسائل سے ہی یہ رپورٹ تیار کریں گے، جن میں موبائل فون، مائیکروفون اور ٹرائی پوڈ وغیرہ شامل ہو سکتے ہیں۔ اس موبائل ویڈیو رپورٹ کی پروڈکشن کے لیے آپ کے پاس تقریباً ایک ماہ کا وقت ہو گا۔

آپ کی تجوویزکردہ اسٹوری کا موضوع کیا ہے اور آپ کس ماحولیاتی مسئلے کو اجاگر کرنا چاہتے ہیں؟

آپ کی اسٹوری ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات کا احاطہ کیسے کرے گی؟ ان مسائل سے نمٹنے کی خاطر مقامی باشندوں کا ردعمل کس طرح رپورٹ میں شامل کیا جائے گا؟

آپ کا تجویز کردہ موضوع بالخصوص کس کمیونٹی کے زیادہ متاثر ہونے سے متعلق ہے؟ اگر مقامی میڈیا میں اس موضوع پر پہلے ہی رپورٹنگ کی جا چکی ہے تو آپ اس موضوع کو ایک نئے انداز میں کس طرح بیان کریں گے اور کیا نیا زاویہ اختیار کریں گے؟

کیا آپ کی کہانی میں ممکنہ حل بیان کیا جا رہا ہے یا ایسی تجاویز دی جا رہی ہیں، جن سے اس مخصوص مسئلے اور ماحولیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں مدد مل سکتی ہے؟ بہ راہِ مہربانی مثال سے واضح کیجیے۔

آپ اپنی موبائل ویڈیو رپورٹ کو کہاں نشر کرنا چاہیں گے اور آپ کا ٹارگٹ گروپ کیا ہے؟ اگر آپ اپنی مجوزہ سٹوری شائع کرنے یا کرانے کا ارادہ رکھتے ہیں تو بہ راہِ مہربانی براڈ کاسٹنگ ادارے کا لنک فراہم کریں۔